PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

چوتھا ون ڈے: زمبابوے سلیکٹ نے پاکستان شاہینز کو 7 وکٹوں سے ہرادیا۔ کریگ ارون، جوئے لارڈ گمبی اور عمیر بن یوسف کی سنچریاں

ہرارے، 23 مئی 2023:

عمیر بن یوسف کی ایکروزہ کرکٹ میں پہلی سنچری رائیگاں گئی اور زمبابوے سلیکٹ نے کریگ ارون اور جوئے لارڈ گمبی کی سنچریوں کی بدولت پاکستان شاہینز کے خلاف چوتھا ون ڈے 7 وکٹوں سے جیت لیا۔

اس طرح زمبابوے سلیکٹ نے چھ میچوں کی سیریز میں تین ایک کی برتری حاصل کرلی ہے۔ پہلے دو میچ زمبابوے سلیکٹ نے جیتے تھے جبکہ تیسرا میچ پاکستان شاہینز نے ڈک ورتھ لوئس قانون کے تحت پانچ رنز سے جیتا تھا۔

زمبابوے سلیکٹ کے کپتان ویلنگٹن مازاکادزا نے ٹاس جیت کر پاکستان شاہینز کو بیٹنگ دی یہ اس سیریز میں پہلا موقع تھا کہ پاکستان شاہینز نے ٹاس ہار کر پہلے بیٹنگ کی۔

پاکستان شاہینز نے مقررہ پچاس اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 295 رنز بنائے جس میں عمیر بن یوسف کے 153 رنز نمایاں تھے۔

جواب میں زمبابوے سلیکٹ نے مطلوبہ اسکور 48ویں اوور میں تین وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا۔

پاکستان شاہینز کی تین وکٹیں 55 رنز پر گر گئی تھیں۔ محمد حریرہ 17۔ حسیب اللہ خان 22 اور صائم ایوب کی جگہ ٹیم میں شامل ہونے والے عبدالواحد بنگلزئی صفر پر پویلین لوٹ گئے تھے۔

عمیر بن یوسف اور کامران غلام نے چوتھی وکٹ کی شراکت میں 139 رنز کا اضافہ کیا۔ کامران غلام 5 چوکوں کی مدد سے 55 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

عمیر بن یوسف نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 126 گیندوں پر 153 رنز اسکور کیے جن میں 14 چوکے اور 4 چھکے شامل تھے۔

یہ ان کی ایکروزہ کرکٹ میں پہلی سنچری ہے اس سے قبل ان کا بہترین انفرادی اسکور 99 ناٹ آؤٹ تھا جو انہوں نے 2022ء میں سندھ کی طرف سے ناردن کے خلاف بنایا تھا۔

زمبابوے سلیکٹ کی طرف سے فاسٹ بولر براڈ ایونز نے 62 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔

زمبابوے کی پہلی وکٹ دوسرے ہی اوور میں گر گئی جب شاہنواز دھانی نے مارومانی کو 4 رنز پر آؤٹ کر دیا لیکن اس کے بعد کریگ ارون اور جوئے لارڈ گمبی نے دوسری وکٹ کی شراکت میں شاندار 277 رنز بنا کر جیت کی بنیاد رکھ دی۔

کریگ ارون نے 99 گیندوں پر 12 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے سنچری مکمل کی سنچری مکمل کرتے ہی انہوں نے حسین طلعت کو لگاتار تین چوکے لگائے۔

یہ کریگ ارون کی 201ویں ایکروزہ میچ میں گیارہویں سنچری ہے۔انہوں نے ایکروزہ میچوں میں اپنے چھ ہزار رنز بھی مکمل کر لیے۔وہ144 گیندوں پر 19 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے 161 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے تو میزبان ٹیم جیت سے صرف 11 رنز دور رہ گئی تھی۔

285 کے اسکور پر ہی شاہنواز دھانی نے جوئے لارڈ گمبی کو بھی 111 رنز پر آؤٹ کردیا ان کی اننگز میں دس چوکے شامل تھے۔یہ گمبی کی ایکروزہ کرکٹ میں پہلی سنچری ہے۔

زمبابوے نے جب 47 اعشاریہ 3 اوورز میں میچ جیتا تو ویزلی مدھیویر 9 اور ملٹن شومبا 2 رنز پر ناٹ آؤٹ تھے۔

شاہنواز دھانی نے 60 رنز دے کر دو وکٹیں حاصل کیں۔

سیریز کا پانچواں میچ جمعرات کے روز کھیلا جائے گا۔

مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز 295 رنز 9 کھلاڑی آؤٹ (50 اوورز) عمیر بن یوسف 153۔کامران غلام 55۔براڈ ایونز 62/5 وکٹ۔

زمبابوے سلیکٹ 299 رنز 3 کھلاڑی آؤٹ۔(47 اعشاریہ 3 اوورز) کریگ ارون 161۔جوئے لارڈ گمبی 111۔
شاہنواز دھانی 60/2 وکٹ

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial